بسم اللہ الرحمن الرحیم

## اداریہ

علوم اسلامی سے متعلق اداروں میں تحقیقی مباحث کی نوعیت بہت ذمہ دارانہ ہوتی ہے۔ دورِ حاضر میں جبکہ سائنسی و تکنیکی تحقیق نے تہذیب و ثقافت کے احوال کو تبدیل کر دیا ہے تو اس کے اثرات ہمارے معاشرے میں بہت نمایاں نظر آرہے ہیں۔ ایسی صورتِ حال میں علوم اسلامیہ سے تعلق رکھنے والے اداروں کو اس بات کا جائزہ لینا چاہیے کہ نئی تہذیب کے ہاتھوں پیدا ہونے والے جدید مسائل کا حل دینا اور اسلامی بیداری کا کام کس رفتار سے ہونا چاہیے؟ مطلوب کیا ہے؟ اور جو کچھ پیش کیا جارہا ہے، اُس کا معیار کیا ہے؟

اس اہم ذمہ داری کو الحمد اللہ مجلہ المحصنات نے ادا کرنے کی کوشش کی ہے اور اب ہمارا گیارھواں شمارہ شائع ہو رہا ہے۔ یہ ایک ریویو جرنل ہے، جس کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ پاکستان میں شائع ہونے والے تحقیقی رسائل میں خواتین کے زیرِ ادارت نکلنے والا یہ واحد مجلہ ہے۔

مقالہ نگاروں کی خدمت میں درخواست ہے کہ موضوعات کے انتخاب میں عصری تقاضوں اور اس کے اطلاقی پہلو کو ضرور مدِ نظر رکھیں، بالخصوص عالمِ اسلام کو جن چیلنجز کا سامنا ہے، ان کی نشاندہی کے ساتھ سنجیدہ حل بھی تجویز کئے جائیں۔
اللہ سبحانہ وتعالیٰ ہماری مساعی کو قبول فرمائے۔ آمین

والسلام

ڈاکٹر حسین بانو
مدیرہ مجلہ المحصنات